## حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر سوہو پر قاتلانہ حملے کا فوری نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر سوہو پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کو صوبہ کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہفتے کے روز محترمہ ہیر سوہو ٹھٹھہ میں تنظیمی پروگرام میں شرکت کے بعد اپنی رہائش گاہ واقع میر پور بٹھورو واپس جارہی تھی کہ شورو گوٹھ کے قریب مسلح دہشت گردوں نے ان کی گاڑی پر فائرنگ کردی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ان کی گاڑی کے شیشے ٹوٹ گئے اورخوش قسمتی سے محترمہ ہیر سوہو سمیت گاڑی میں سوار تمام افراد فائرنگ سے محفوظ رہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر سوہو پر قاتلانہ حملہ سندھ کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر سوہو پر قاتلانہ حملے کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔

## گلگت ہنزہ کے علاقوں میں مصنوعی جھیل سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لاکھوں روپے مالیت کی پہلی کھیپ پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کردی گئی

کراچی۔۔۔16مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی پہلی کھیپ اتوار کی شب پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کردی گئیں۔امدادی سامان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ، سلیم تاجک، شاہد لطیف، توصیف خانزادہ اور کنور نوید جمیل نے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر سے اپنی نگرانی میں ٹرکوں میں لوڈ کروا کر ائیر پورٹ کیلئے روانہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی تھے۔امدادی سامان ٹرکوں کے ذریعے اسلام آباد کارگو کیلئے کراچی ایئرپورٹ پہنچایا جائے گا اور وہاں سے تمام سامان گلگت، ہنزہ میں متاثرہ علاقوں میں مصنوعی جھیل کے متاثرین میں تقسیم کیا جائے گا۔امدادی سامان میں غذائی اجناس کے سینکڑوں پیکٹس ہیں جس میں ایک ماہ کا مکمل سامان آٹا، چاول، شکر، مختلف اقسام کی دالیں، خشک دودھ، چائے کی پتی، گرم مصالعہ جات، مرچ مصالعہ، نمک، اشیائے صرف ماچس، صابن، موم بتی شامل ہیں جبکہ روزمرہ استعمال اشیاء میں واٹر کولر اور تکیوں کے علاوہ گرم ملبوسات خصوصاً کمبل اور جیکیٹس کے علاوہ دیگر چیزیں شامل ہیں جس کی مجموعی مالیت لاکھوں روپے سے زائد بنتی ہے۔واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں لگائے گئے امدادی کیمپ میں غذائی اجناس، نقدم رقوم اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیوایم کی تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' کی ڈیمانڈ میں زبردست اضافہ
## نائن زیرو اور ملک بھر میں قائم ایم کیوایم کے دفاتر پر عوام نے ڈرامہ کی سی ڈیز خریدنے کیلئے بہت بڑی تعداد میں رابطہ کیا
## ڈرامہ جہد مسلسل کے 30 سے زائد شہروں میں بیک اجراء اور اسے لاکھوں افراد کی جانب سے بیک وقت دیکھنے سے ایک نیا ریکارڈ قائم ہوگیا ہے، لوگوں کے تاثرات

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کی جانب ایم کیوایم کی تحریکی جدوجہد پر مبنی ڈرامہ ''جہد مسلسل'' کی ڈیمانڈ میں پہلے ہی روز زبردست اضافہ ہوگیا اور ہفتہ کی شب اس کے ملک بھر میں اجراء کے ساتھ ہی عوام بڑی تعداد میں ویڈیو سی ڈیز خریدنے نائن زیرو سمیت ملک بھر میں قائم ایم کیوایم کے دفاتر پر پہنچنا شروع ہوگئے۔اتوار کو شہر میں شدید گرمی اور تیز دھوپ کے باوجود نائن زیرو اور ملک بھر میں قائم ایم کیوایم کے دفاتر پر لوگوں کی بہت بڑی تعداد نے رابطہ کیا جس کے باعث ڈرامہ جہد مسلسل کی تیار کی گئی سی ڈیز کم پڑ گئیں اور دیکھتے ہی دیکھتے فروخت ہوگئیں۔اس موقع پر مختلف قومیتوں، برادریوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ''جہد مسلسل'' ایک سچی داستان ہے جسے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نے کیمرے کی آنکھ سے محفوظ کرکے عوام تک پہنچا کر بڑا کارنامہ انجام دیا ہے کیونکہ اس ڈرامہ میں لاکھوں کروڑوں

عوام کے احساسات اور جذبات کی ترجمانی کی گئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ڈرامہ جہد مسلسل کے کراچی سمیت ملک بھر کے 30 سے زائد شہروں میں بیک اجراء اور لاکھوں افراد کے بیک وقت بڑی اسکرینوں کے ذریعے اس ڈرامہ کو دیکھنے کے باعث ایک نیا ریکارڈ قائم ہوگیا ہے اور یہ ڈرامہ ہر خاص و عام میں مقبولیت اختیار کر گیا ہے۔انہوں نے تحریکی ڈرامہ کی تیاری میں اپنا کردار ادا کرنے والے ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے اراکین کے علاوہ فنکاروں سمیت اس میں حصہ لینے والے ایک ایک فرد کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## جاگیردار، وڈیرے اور بااثر افراد اپنے آپ کو ماورائے آئین وقانون تصور کر رہے ہیں، افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین

## پنجاب کے شہر وہاڑی میں کسان کی مظلوم بیٹی کو 4 ماہ تک جاگیردار کے بیٹے کی جانب سے زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ پر اظہار مذمت

## کسان کی مظلوم بیٹی اور اہل خانہ سے رابطہ کمیٹی کا اظہار ہمدردی، مظلوم خاندان انصاف کے حصول سے مایوس نہ ہوں

لاہور۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے پنجاب کے شہر وہاڑی میں بااثر جاگیردار کے بیٹے کی جانب سے کسان کی مظلوم بیٹی کو 4 ماہ تک زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک کے دیگر علاقوں میں خواتین کے ساتھ زیادتی، تشدد اور وحشیانہ سلوک کے واقعات تسلسل کے ساتھ رونما ہو رہے ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جاگیردار، وڈیرے اور بااثر افراد اپنے آپ کو ماورائے آئین و قانون تصور کر رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کر رہی ہے اور اس فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے مظلوم عوام کو ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہوگا اور مظلوموں کے بے مثال اتحاد سے ہی ملک بھر میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے خواتین سمیت مظلوم عوام کو نہ صرف عملی تحفظ فراہم کیا جاسکتا ہے بلکہ معاشرے میں رائج کالے اور خودساختہ قوانین سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا حاصل کیا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے زیادتی کا نشانہ بننے والی مظلوم لڑکی اور اس کے اہل خانہ سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ انصاف کے حصول سے ہرگز مایوس نہ ہوں، ایم کیو ایم ایک دن ضرور ملک سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کر کے مظلوم خواتین اور عوام کو ان کے بنیادی حقوق کی فراہمی میں ضرور کامیاب ہوگی اور اس دن جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں سے مظلوموں پر کئے جانے والے ایک ایک ظلم کا حساب لیا جائے گا۔افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ پنجاب کے شہر وہاڑی میں بااثر جاگیردار کے بیٹے کی جانب سے کسان کی مظلوم بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لیا جائے اور مظلوم کسان کی بیٹی کو انصاف کی فراہمی کا حصول یقینی بنایا جائے۔

## خیرپور کے گاؤں فیض گنج میں بھتیجوں کی جانب سے پھوپھی پر کتے چھوڑے جانے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## اندرون سندھ سمیت ملک بھر میں رائج فرسودہ نظام کے باعث ایسے خودساختہ کالے قوانین پر نہ صرف

## جاگیردار، وڈیرے خود عمل کر رہے ہیں بلکہ مظلوم عوام میں بھی ان کالے قوانین کو فروغ دے رہے ہیں

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خیرپور کے گاؤں فیض گنج میں گھریلو تنازعہ پر بھتیجوں کی جانب سے پھوپھی پر کتے چھوڑنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو مہذب معاشرے کیلئے دھبہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اندرون سندھ سمیت ملک بھر میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام نے خواتین سمیت مظلوم عوام کے حقوق غصب کر رکھے ہیں اور انہیں غلام بنا رکھا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فرسودہ نظام کے باعث جاگیرداروں، وڈیروں نے ایسے خودساختہ کالے قوانین بنا رکھے ہیں جن پر نہ صرف جاگیردار اور وڈیرے خود عمل کر رہے ہیں بلکہ مظلوم عوام میں بھی ان کالے قوانین اور وحشیانہ حرکات کو فروغ دے رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ خیرپور کے گاؤں فیض گنج میں گھریلو تنازعہ پر بھتیجوں کی جانب سے پھوپھی پر کتے چھوڑے جانے کے سفاک واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، فرسودہ نظام کے تحت فروغ پانے والے کالے قوانین کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں اور ایسی سفاکانہ حرکات میں ملوث عناصر کو سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## کے کے ایف کے صدر دفتر میں ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## امدادی کیمپ میں مختلف قومیتوں، برادریوں کے افراد اور مخیّر حضرات نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائیں

## کے کے ایف کی امدادی سرگرمیاں ثابت کرتی ہیں کہ انسانیت کی عملی خدمت ہی کے کے ایف کا نصب العین ہے، عطیات جمع کرانے والے لوگوں کے تاثرات

کراچی۔۔۔16، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں لگائے گئے امدادی کیمپ میں غذائی اجناس، نقد رقوم اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں مختلف قومیتوں، برادریوں کے افراد اور مخیّر حضرات نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم متاثرین ہنزہ کیلئے جمع کرائی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے انسانیت کی خدمت کے عملی جذبہ کو سراہا۔امدادی کیمپ میں رضا کار اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عہدیداران صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی اشیاء جمع کر رہے ہیں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے بھی متاثرین کی امداد کیلئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی اشیاء جمع کرانے کیلئے آنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کے عمل میں سب سے آگے ہے اور اس کی جانب سے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری رکھنا احسن اقدام ہے جسے ہر سطح پر قابل تعریف عمل قرار دیا جانا چاہئے۔ان کا کہنا تھا کہ سیلاب، قحط، خشک سالی، طوفانی بارش اور وبائی امراض میں مبتلا متاثرین کو طبی سہولیات اور امداد کی فراہمی خدمت خلق فاؤنڈیشن کا شعار رہا ہے اور ہنزہ جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں ثابت کرتی ہے کہ انسانیت کی عملی خدمت ہی خدمت خلق فاؤنڈیشن کا نصب العین ہے۔

## صدر اور وزاعظم کراچی میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیں، حق پرست اراکین اسمبلی

کراچی۔۔۔16، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کراچی میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اور کراچی کے شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔ایک بیان میں حق پرست قومی اراکین اسمبلی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی ہٹ دھرمی اور نااہلی کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہوکر رہ گئی ہے جبکہ لوڈشیڈنگ سے شہریوں کو شدید مشکلات و پریشانیوں کا سامنا ہے اور شہری زندگی پوری طرح مفلوج ہوکر رہ گئی ہے جس کے باعث شہری سراپا احتجاج ہیں جبکہ کراچی کی صنعتی و تجارتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہیں اور تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ دوسری جانب کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نااہل انتظامیہ مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کررہی ہے اور فرنس آئل خرید کر شہریوں کو بجلی کی سہولت فراہم کرنے کے بجائے ہر ماہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ کر کے شہریوں کا خون چوس رہی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی سرمایہ کاری کر کے شہر کی رونق بحال کرنے کے بجائے شہر کو تاریکی میں ڈبو کر شہریوں کو پریشان کررہی ہے اور انہیں مشتعل کررہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست قومی اراکین اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کو فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھانے کا پابند کیا جائے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیتے ہوئے شہریوں کو عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## حق پرست سابق صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے بھائی اور رابطہ کمیٹی کی رکن نسرین جلیل کے دیور محمد علی مرحوم کو سپرد خاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

حق پرست سابق صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل کے دیور محمد علی کو شہداء قبرستان عزیز آباد میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ و تدفین میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے ذمہ داران کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں محمد علی مرحوم کا سوئم ان کی رہائشگاہ نعمان گرینڈ سٹی گلستان جوہر بلاک 18 میں ہوا جس میں مرحوم

کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گی فاتحہ سوئم میں رابطہ کمیٹی رکن وصوبائی وزیر شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ اور رکن نسرین جلیل، حق پرست سینیٹرز، صوبائی وقومی اسمبلی، سیکٹرز یونٹ اور عزیز واقارب نے شرکت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## اندورن سندھ سے اساتذہ کے تبادلہ کراچی کرنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔16، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے اندرون سندھ کے اسکولوں سے بڑے پیمانے پر اساتذہ کرام کا تبادلہ کراچی کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ اندرون سندھ کے اساتذہ کا تبادلہ کراچی کرنے کے باعث اندرون سندھ اساتذہ کی کمی ہوگئی ہے اور اندورن سندھ تعلیمی نظام بھی شدید متاثر ہو رہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 سال کے دوران اندرون سندھ میں واقع اسکولوں کے اساتذہ کا تبادلہ تسلسل کے ساتھ نہ صرف کراچی کے اسکولوں میں کیا جارہا ہے بلکہ ان اساتذہ کو ترقیاں بھی دی جارہی ہیں جبکہ اس عمل سے کراچی کے ہزاروں اساتذہ میں شدید بے چینی ومایوسی پائی جارہی ہے اور وہ ترقی کی آس اس میں ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچ گئے ہیں جبکہ متعدد اساتذہ ریٹائرڈ بھی ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب تو کراچی کے اساتذہ کے ساتھ ناانصافی کی جارہی ہے اور انہیں ترقی کے حق سے محروم رکھا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب تیزی سے اساتذہ کا تبادلہ کراچی کیا جارہا ہے جس اندرون سندھ تعلیمی نظام شدید متاثر ہے جو انتہائی تشویش ناک ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر تعلیم پیر مظہر الحق سے مطالبہ کیا ہے کہ اندورن سندھ سے اساتذہ کے تبادلہ کراچی کرنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اندرون سندھ سے کراچی اساتذہ کرام کے تبادلوں بے ضابطگیوں کا نوٹس لیا جائے اور کراچی کے اساتذہ میں پائی جانیوالی بے چینی کو ختم کیا جائے۔

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن محمد عرفان انتقال کرگئے

## جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن محمد عرفان انتقال کرگئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔مرحوم کی عمر 35 سال تھی اور وہ کینسر کے مرض میں مبتلا تھے آج صبح ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی جس کے باعث وہ انتقال کرگئے۔مرحوم کے سوگواران میں والدین، بیوہ اور 6 بچے شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن محمد عرفان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی بلدیہ سیکٹر کے کارکن محمد عرفان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم سوسائٹی، لیاقت آباد اور ناظم آباد گلبہار سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن علاؤالدین کی ہمشیرہ محترمہ نور فاطمہ، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یوٹ 156 کے کارکن زاہد اقبال کے والد شمس الحق اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کے کارکن انور خان کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سینئر صحافی حسن عباس سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی یونین آف جرنلسٹس کے سیکریٹری اور روزنامہ ایکسپریس کراچی کے نیوز ایڈیٹر حسن عباس کے انکل غلام حیدر کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆